
NHS

# ReSPECT
(ریسپیکٹ)

ہنگامی دیکھ بھال اور علاج کے لیے تجویز کردہ منصوبے کا خلاصہ

(Recommended Summary Plan for Emergency Care & Treatment)

## ہنگامی حالت میں آپ کے ساتھ کیا ہونا چاہئے؟



## مریضوں اور کیئرر کے لیے معلومات

### مندرجہ ذیل جگہ آپ کے لئے ہےکوئی بھی سوال لکھیں جو آپ پوچھنا چاہتے ہوں

**ReSPECT** پر مزید معلومات کے لئے ملاحظہ کریں: www.respectprocess.org.uk

Joined Up Care Derbyshire

G031810

# ReSPECT
(ریسپیکٹ)


ہنگامی دیکھ بھال اور علاج کے لیےتجویز کردہ منصوبے کا خلاصہ

## تعارف

بحران میں، صحت کے ماہرین کو آپ کے علاج کے بارے میں تیزی سے فیصلے کرنا پڑسکتے ہیں، اور شاید آپ انتخاب کرنے میں حصہ لینے کے لئے خاطرخواہ ٹھیک نہ ہوں۔

**ReSPECT** کا عمل آپ کو صحت کے پیشہ وروں کو ہدایت دینے کا اختیار دیتا ہے کہ آپ کے لیے کون سے علاج پر غور کیا یا نہ کیا جائے۔
یہ ایسی چیزوں کو بھی ریکارڈ کرسکتا ہے جو آپ کے لئے انتہائی اہم ہیں اور اس کو ترجیح دی جائے اور اس کے ساتھ علاج جو آپ کے لئے صحیح نہیں۔

بہت سے زندگی پذیر علاجوں میں نقصان دہ خطرات شامل ہوتے ہیں، بے آرامی اور وقار کا نقصان، یا ہسپتال میں فوت ہوجانے کا خطرہ، جب کہ آپ گھر میں رہنا چاہتے تھے۔
اگرعلاج سے ممکنہ فائدہ کم ہو تو بہت سے لوگ ان خطرات کو لینے کا انتخاب نہیں کرتے۔
آپ زندگی کے جس بھی مرحلے میں ہیں، ریسپیکٹ فارم ہنگامی حالات کیلئے ترجیحات اور تجاویز ریکارڈ کرسکتا ہے۔



## ReSPECT کیا ہے؟


**ReSPECT** ایک ایسا عمل ہے جہاں آپ اور ہیلتھ کیئر کی ٹیم ایک ساتھ بات کرتے ہیں اور مستقبل میں ممکنہ ہنگامی علاج کے لئے ایک ذاتی منصوبہ بندی تیار کرتے ہیں- اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ آپ اپنی ذاتی صورت حال کے لئے بہترین ممکنہ علاج حاصل کریں۔ یہ ضروری ہے کہ ڈاکٹروں اور نرسوں کو معلوم ہو کہ آپ، مریض کے طور پر کس طرح علاج کرانا چاہتے ہیں - تاکہ وہ آپ کی خواہشات کا احترام کرسکیں۔

صحت کی دیکھ بھال کی ٹیم میں طبی علم موجود ہے کہ کونسے مختلف ہنگامی علاج آپ کے لئے مددگار ثابت ہوسکتے ہیں — لیکن ان ہنگامی علاج کے بارے میں آپ کی خواہشات اور نقطہ نظر پہلے سے جاننا بہت مفید ہے۔ یہ خاص طور پر مستقبل کے بحران میں ایسی صورت حال کیلئے اہم ہے جب ہو سکتا ہے آپ اپنی رائے کا اظہار کرتے وقت بہت زیادہ بیمار ہوں۔
آپ کے ساتھ اس پر بات کرنے کے بعد، ڈاکٹر یا نرس آپ کے **ReSPECT** منصوبہ کا خلاصہ ایک فارم میں مکمل کریں گے۔
آپ کے پاس منصوبہ بندی کی کوئی اور اہم دستاویزات ہوں تو ان کو درج کرنے کے لیے فارم میں ایک حصہ ہے [مثلاً علاج سے انکار کرنے کے لئے ایک ایڈوانس ڈائریکٹو، جسے زندہ وصیت بھی کہتے ہیں]اور ایسی جگہ بھی موجود ہے جہاں لکھا جائے کہ ہنگامی صورت حال میں کس سے رابطہ کیا جائے۔

**ReSPECT** فارم آپ کے ساتھ گھر میں رکھا جاتا ہے - تاکہ آپ یا آپ کا کیئرر اسے ہنگامی حالت میں صحت کے پیشہ ور افراد کو دکھا سکے۔

اگر آپ ہسپتال آتے ہیں تو اپنے ساتھ آپ کا **ReSPECT** فارم لانا بہت ضروری ہے۔


ہسپتال کے کسی بھی قیام کے دوران **ReSPECT** فارم طبی نوٹوں میں رکھا جاتا ہے، لیکن خارج (ڈسچارج) ہونے پر آپ کو واپس دےدیا جاتا ہے۔



## فیصلے کون کرتا ہے؟

آپکے خیالات/ تجزیے نہایت اہم ہیں۔ صحت کے پیشہ ور آپ کے ساتھ ایک مشترکہ اتفاق کردہ منصوبہ بنانے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ تاہم یہ سمجھنا ضروری ہے کہ ریسپیکٹ فارم ایسا علاج مانگنے کے لئے استعمال نہیں کیا جاسکتا جو آپ کے لیے فائدہ دینے کے قابل نہیں ہے اور یہ پیش نہیں کیے جائیں گے۔

**ReSPECT** منصوبے کی تجاویز قانونی طور پر پابند کرنے والی نہیں ہیں، تاہم وہ ہنگامی صحت کی دیکھ بھال کی ٹیم کے لئے گائیڈ ہیں۔



## کس قسم کے علاج شامل ہیں/ ہو سکتے ہیں؟

صحت کا پیشہ ور آپ کے ساتھ مختلف علاج کے انتخابات پر تبادلہ خیال کرے گا اور اس کا خلاصہ فارم پر درج کیا جائے گا۔

کارڈیوپلمونری ریسیسیٹیشن (سی پی آر) [cardiopulmonary resuscitation] کے بارے میں فیصلے کی دستاویز کے لئے ایک خاص سیکشن ہے۔ سی پی آر زندگی کا ایک مصنوعی معاون علاج ہے جو کچھ حالات میں، دل یا پھیروں کو دوبارہ شروع کر سکتا ہے۔ سی پی آر حد درجے کی پیچیدہ صحت کی حالت والے لوگوں میں بہت ہی کم کامیاب ہے اور وہ لوگ جو قدرتی طور پر مرتے ہیں ان میں کام نہیں کرتا۔ اگر سی پی آر آپ کو فائدہ سے زیادہ نقصان پہنچائے گا تو اس کی آپ کو وضاحت کی جائے گی۔ بعض مریض خود فیصلہ کرتے ہیں کہ وہ یہ علاج نہیں چاہتے ہیں۔

## اگر شخص میں فیصلہ کرنے کی صلاحیت نہ ہو تو؟

آپ اس شخص کی دیکھ بھال کرنے والے فرد ہو سکتے ہیں جس میں صلاحیت کی کمی ہو (معلومات کو سمجھنے کی صلاحیت اور مطلع انتخاب کرکے اسے استعمال کرنے کی صلاحیت کی کمی۔
اس صورتحال میں ایک **ReSPECT** منصوبہ بنایا جا سکتا ہے جس میں ان کے بہترین مفادات پر اتفاق کیا جائے (ان کے مجموعی فائدہ کے لئے) یہ محض دوسروں کا آپ کے لیے فیصلہ نہیں ہے، جبکہ ان کے ساتھ بحث کا عمل ہے جو اس شخص کو جانتے ہیں تاکہ یقینی بنایا جائے کہ منصوبہ جتنا ممکن ہو اس کے قریب ہو جو اس فرد نے چاہا ہوگا۔



## کیا میں دیکھ سکتا ہوں کہ میرے بارے میں کیا لکھا گیا ہے؟

جی ہاں۔ یہ ضروری ہے کہ جو سفارشات درج ہیں وہ آپ جانتے ہوں اور آپ ان کے ساتھ آرام دہ (خوش) ہوں۔ اگر آپ کا **ReSPECT** فارم آپ کے صحت کے ریکارڈز کے ساتھ رکھا جا رہا ہے تو آپ اسے دیکھ سکتے ہیں – براہ کرم عملے میں سے کسی کو کہیں۔

## میں اپنا ReSPECT فارم کہاں رکھوں؟

آپ کا ReSPECT فارم گھر میں ایک محفوظ جگہ پر ہونا چاہیے جہاں اگر آپ بیمار ہوں تو ہنگامی صورتحال میں یہ قابل رسائی ہو۔ کچھ لوگ اسے دروازے کے پاس ہنگامی فولڈر میں رکھنے کا انتخاب کرتے ہیں۔

اگر آپ ہسپتال میں آتے ہیں تو آپ کا اپنے ساتھ **ReSPECT** فارم لانا بہت ضروری ہے۔

## کیا ReSPECT فارم تبدیل ہوسکتا ہے؟

اگر آپ کی حالت یا حالات تبدیل ہوجاتے ہیں، یا اگر آپ کسی بھی وجہ سے اپنا خیال تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو،**ReSPECT** منصوبہ تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ آپ اپنی صحت کی دیکھ بھال کی ٹیم کے صرف ایک رکن سے بات کریں۔

اگر آپ کے **ReSPECT** کے بارے میں سوالات ہیں تو براہ مہربانی اپنی صحت کی دیکھ بھال کی ٹیم سے بات کریں۔

